فاران فاؤنڈیشن
۱۲۲- فیروز پور روڈ - نزد ڈاکخانہ اچھرہ - لاہور

عزیزی مسلم السلام! تمہارا خط ستمبر میں ملا اور کچھ طبیعت وغیرہ سے تاخیر سے جواب لکھ رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہاتھ کی تکلیف جو کچھ پیش آئی تھی وہ جاتی رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ تم کو، بچوں کو اور دوسرے تمام عزیزوں کو خوش و خرم رکھے اور سب کو اپنے احکام کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق بخشے۔

یہاں حالات بدستور ہیں۔ تمہاری امی کی کمزوری شدید ہوتی جا رہی ہے۔ ان کی روز افزوں کمزوری کے باعث میں کہیں سفر کرنے سے قاصر ہوں۔ بہر حال جب حالات سازگار ہو گئے میں ان شاء اللہ آنے کی کوشش کروں گا۔ تمام بہنوں، بیٹیوں، بچیوں اور بچوں کے خورد و کلاں کو علی فرق مراتب دعا اور سلام۔ ریحان و عرفان اور اکبر مسلم و سلطانہ کو پیار۔

دعاگو
امین احسن اصلاحی
۸- دسمبر ۱۹۸۰ء